ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ کی چند تازہ مطبوعات

ماہنامہ "طلوعِ اسلام" کے تبصرے

تاریخ جمہوریت

مصنفہ شاہد حسین رزاقی

ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ لاہور نے شاہد حسین رزاقی صاحب کی "تاریخ جمہوریت" شائع کر کے پولیٹیکل سائینس کے اُردو لٹریچر میں عمدہ اضافہ کیا ہے۔ اگرچہ اُردو زبان میں متعدد کتابیں اس مضمون پر شائع ہو چکی ہیں لیکن ایسی جامع اور پُر از معلومات کتاب اس مضمون پر ہماری نظر سے نہیں گذری۔

جب سے انسان میں سماجی شعور پیدا ہوا ہے اس وقت سے لے کر آج تک جمہوریت کی تدریجی ترقی و تکنیک پر اس کتاب میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے اور اسلامی اصولِ جمہوریت کو اس تاریخی جائزہ میں کافی شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اور بتلایا گیا ہے کہ قرآنی ہدایت و تعلیم نے جس معاشرہ کو متشکل کیا ہے وہ کس مکمل حد تک خالص جمہوری ہے۔ اس میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ہزارہا سال سے انسانی آبادی کے نصف حصّہ یعنی عورتوں کے ساتھ کیسی کیسی ناانصافیاں ہوتی رہیں۔ اسلام نے کس طرح پہلی بار انہیں ان کے جائز حقوق دلوائے اور معاشرہ میں اُن کا صحیح مقام متعین کر کے انھیں دیرینہ ظلم و استبداد کے پنجے سے نجات دلائی ہے۔ اسی طرح غلاموں کی زبوں حالت کی بتدریج اصلاح کر کے بالآخر اس قبیح، انسانیت سوز رسم کہن کا قطعی انسداد کر دیا۔ فاضل مصنّف نے ظہور اسلام سے ماقبل کے حالات پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے یہ ثابت کیا ہے کہ انصاف و عمرانی مساوات کی تاریخ میں اسلام ایک انقلاب آفریں موڑ کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کتاب کی تدوین میں کم و بیش ایک سو مستند کتب سے مدد لی گئی ہے جس کی فہرست شریک کی گئی ہے۔ یہ کتاب بہر حال قابلِ قدر ہے اور اسکولوں اور کالجوں کے نصاب میں شریک کئے جانے کے قابل۔ قیمت آٹھ روپے۔

مسلم ثقافت ہندوستان میں

مصنّفہ عبد المجید سالک

گذشتہ ایک ہزار سال میں جب سے مسلمان برصغیر ہند میں فاتحانہ داخل ہوئے ہندی تہذیب و ثقافت کو مسلمانوں نے کن کن برکتوں سے مالا مال کیا ہے ان کی یہ ایک تفصیلی سرگزشت ہے۔ مسلمانوں کی ثقافت کن اصول و عقائد اور اقدار و معیارات پر قائم تھی اور ہندوستان کی معاشرتی خرابیوں کی اصلاح میں ان کا کیا حصّہ ہے۔ نیز ہر عہد تاریخی کے علمی، تعلیمی، صنعتی و حرفتی ترقیات کے ساتھ ساتھ ادب اور فنونِ لطیفہ کی ترقی اور ہندوستان کی سماجی شیرازہ بندی میں کیا کیا